AKASHVANI NEWS SRINAGAR

Text of Urdu News Bulletin
Dated : 04 November 2026
Time : 09:25 / AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں عارف حسین بٹ۔

CM

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے مختلف محکموں میں تعینات ہونے والے نئے ملازموں سے کہا ہے کہ وہ اپنی ڈیوٹی لگن اور تن دہی کے ساتھ انجام دے کے فرض شناسی کا مظاہرہ کریں۔ وہ محکمہ تعمیرات عامہ میں نوکری پانے والے **17** امیدواروں کو تعیناتی کے آرڈر فراہم کرنے کے موقعے پر بول رہے تھے۔ ان میں **8** سپر وائزر اور ایک **SRO-43** معاملے کے علاوہ کثیر المقاصد عملے کے **8** اہلکار شامل ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے نوکری پانے والے ان سبھی امیدواروں کو مبارکباد پیش کی۔ اس سے قبل عمر عبداللہ نے جموں میں زیر تعمیر اسمبلی کے نئے کمپلیکس کا دورہ کرکے وہاں جاری تعمیراتی سرگرمیوں کا معائنہ کیا۔ انہوں نے متعلقہ محکموں کو عمل آوری ایجنسیوں کو یہ پروجیکٹ پورے معیار کے ساتھ مقررہ مدت کے اندر مکمل کرنے کی ہدایت دی۔ اس سلسلے میں وزیر اعلیٰ نے مختلف محکموں کے مابین آپسی تال میل کی ضرورت بھی اجاگر کی۔

سوگت بسواس

محکمہ صحت وطبی تعلیم کے کمشنر سیکریٹری سوگت بسواس نے برفباری سے متاثرہ اور دور دراز علاقوں میں فوربائی فور ایمبولینسوں، ادویات، طبی سہولیات اور ہیٹنگ انتظامات کی دستیابی یقینی بنانے کی ہدایت دی ہے۔ محکمے کے افسروں کے ساتھ ایک میٹنگ میں جموں وکشمیر میں موسم سرما کے دوران صحت

اداروں کی تیاریوں اور ہنگامی انتظامات کا جائزہ لیتے ہوئے انہوں نے خاص طور پر حاملہ خواتین اور دیگر حساس مریضوں کی نشاندہی کرنے کے علاوہ ضرورت پڑنے پر مریضوں کو ہیلی کاپٹر کے ذریعے منتقل کرنے کے انتظامات کرنے پر بھی زور دیا۔میٹنگ میں صوبائی کمشنروں،ضلع ترقیاتی کمشنروں، ڈائریکٹروں ہیلتھ سروسز اور میڈیکل کالجوں کے پرنسپلوں سمیت کئی اعلیٰ افسران نے بھی شرکت کی۔

پلوامہ

ضلع انتظامیہ پلوامہ کی جانب سے گورنمنٹ ڈگری کالج پلوامہ میں میرا ایووا بھارت کے تحت ''وِکست بھارت یواسمواد, نویوَ رووٹ'' پروگرام منعقد کیا گیا،جس میں سینکڑوں طلبہ اور پہلی مرتبہ ووٹ ڈالنے والے نوجوانوں نے شرکت کی۔پروگرام میں یوتھ آئیکون میزان نے نوجوانوں سے تبادلہ خیال کرتے ہوئے باخبر ووٹنگ اور شہری ذمہ داریوں کی اہمیت پر زور دیا۔اس موقع پر مقامی کھلاڑیوں کو بھی اعزاز سے نوازا گیا،جبکہ شرکاء نے جمہوری اقدار کے تحفظ کا حلف اٹھایا۔

ملاقات

جموں میں دفاتر کے دربار کی منتقلی کے بعد ڈائریکٹر کالجز پروفیسر ٹوِنکل سُورے نے تعلیم کی وزیر شمیم فردوس سے ملاقات کی۔اس دوران اعلیٰ تعلیم کے سیکٹر میں اہم ترقیاتی ترجیحات اور سامنے آرہے چیلنجوں پر تبادلہ خیال ہوا جبکہ جموں وکشمیر میں تعلیمی ماحول میں استحکام لانے پر توجہ مرکوز رہی۔وزیر تعلیم نے سبھی طالب علموں کیلئے معیاری تعلیم حاصل کرنے کے مواقعے فراہم کرنے،ادارہ جاتی سہولیات میسر رکھنے اور بنیادی ڈھانچے کی تنصیب کو لے کر سرکار کا عزم دہرایا۔

ٹریول مارکیٹ

ExCel لندن میں کل سے شروع ہوئے ورلڈ ٹریول مارکیٹ **2026** میں لگائے گئے جموں وکشمیر کے اسٹالوں پر لوگوں اور متعلقین کی طرف سے زبردست دلچسپی دکھائی جارہی ہے۔سیاحت کے مرکزی وزیر گجیندر سنگھ شیکھاوت کی طرف سے بھارتی پویلین کا افتتاح کرنے کے موقعے پر وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی بھی موجود تھے۔ورلڈ ٹریول مارکیٹ میں موجود ناظم سیاحت کشمیر سید قمر سجاد نے آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کرتے ہوئے کہا۔

جموں وکشمیر کے **2** سٹالوں میں یوٹی کی گوناگوں سیاحتی صلاحیتوں اور ابھرتے مواقعوں کو نمایاں کیا جارہا ہے۔ یہ مارکیٹ کل یعنی **5** نومبر تک جاری رہے گا۔

ڈی سی گاندربل

ضلع ترقیاتی کمشنر گاندربل شریا سنگھل نے ضلع افسران کو ہدایت دی ہے کہ تمام ترقیاتی کاموں کو مقررہ مدت میں معیاری انداز سے مکمل کیا جانا چاہیئے۔ میونسپل کمپلیکس گاندربل میں ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے انہوں نے میونسپل کونسل کی مجموعی کارکردگی اور جاری ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر سندھ ریورفرنٹ، ٹاؤن ہال کی تجدید، اسمارٹ لائبریری، پارکنگ سہولیات، تفریحی پارکوں اور ٹھوس کچرے کو ٹھکانے لگانے کے منصوبوں پر ہورہی پیش رفت کا بھی جائزہ لیا گیا۔

تربیتی پروگرام

مردم شماری 2027 کی تیاریوں کے سلسلے میں منی سیکریٹریٹ کمپلیکس گاندربل کے کانفرنس ہال میں آبادی کے اندراج سے متعلق ایک ضلع سطح کا تربیتی پروگرام منعقد کیا گیا۔ تربیتی نشست کے دوران مردم شماری کے طریقہ کار، تکنیکی امور اور افسران کی ذمہ داریوں پر تفصیلی روشنی ڈالی گئی۔ مردم شماری کے عمل کو مؤثر اور منظم بنانے کیلئے سوال و جواب کا سیشن بھی منعقد ہوا۔ اس موقع پر ضلع مردم شماری افسر گاندربل بھی موجود تھے، جبکہ مردم شماری محکمے کے نوڈل افسران نے شرکاء کو تربیت فراہم کی۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت **4** اعشاریہ **1** ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت **15** اعشاریہ **1** ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔ خدا حافظ۔